# سجدۂ سہو اور سجدۂ سہو کے مقامات

<"xml encoding="UTF-8?>

## سجدۂ سہو

اگر نمازگزار نماز میں سہو اور فراموشی کا شکار ہو جائے تو بعض مقامات میں فتوىٰ یا احتیاط واجب کی بنا پر اس دستور کے مطابق جو بعد میں بیان ہوگا سجدۂ سہو بجالائے۔

## سجدۂ سہو کے مقامات

مسئلہ 1511: نماز گزار دو مقام میں نماز کے سلام کے بعد لازم ہے سجدۂ سہو بجالائے :

1۔ تشہد کا بھول جانا 2۔ چار اور پانچ کے درمیان شک یا جو چیز اس کے حکم میں ہے اس طرح نماز گزار تین مقام میں نماز کے سلام کے بعد احتیاط واجب کی بنا پر اس دستور کے مطابق جو بیان ہوگا سجدۂ سہو بجالائے:

ا۔ بے جا کلام کرنا 2۔ بے جا سلام پڑھنا 3۔ اجمالی طور پر جانتا ہو کہ نماز کے افعال یا اجزا میں بھول کر کچھ کمی یا زیادتی ہوئی ہے